Nestlé
Good Food, Good Life

پریس ریلیز

نیسلے پاکستان نوجوان شیفس کو تربیت فراہم کرے گا

لاہور(26 ستمبر 2019ء): نیسلے پاکستان اپنے گلوبل یوتھ اِنی شیئیٹو کے تحت پاکستان میں ینگ کلینری ٹیلنٹس (YOCUTA) متعارف کرا رہا ہے۔اس پروگرام کے تحت نیسلے کی بیرونِ گھر اشیائے خوردونوش کی سروس' نیسلے پروفیشنل' کے ذریعے کالج آف ٹوورزم اینڈ ہوٹل مینجمنٹ (COTHM) کے طلبہ کو خصوصی تربیت فراہم کی جائے گی۔

نیسلے کے عالمی اقدام' نیسلے نیڈز یوتھ'، جس کا مقصد 10 ملین نوجوانوں کو معاشی مواقع تک رسائی کی فراہمی ہے، کے تحت شروع کیا جانے والا پروگرام YOCUTA نوجوانوں میں پکوان کا ہنر نکھارنے کی غرض سے تشکیل دیا گیا ہے جس کے ذریعے اُن کی علمی اور عملی صلاحیتیں پروان چڑھیں گی اور وہ اپنی پیشہ ورانہ زندگی کے لیے تیار ہوں گے، جبکہ اشیائے خوردونوش کی صنعت کو دُنیا بھر میں پکوان کے شعبے میں ہنرمند افراد کی کمی کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔

مذکورہ تربیت دو ہفتوں پر محیط ہوگی اور اس میں 40 سے زیادہ طلبہ شریک ہوں گے۔یہ Patisserie ٹریننگ ہوگی جس کے ذریعے میٹھے کی تیاری میں مہارت حاصل ہوتی ہے۔کورس میں عملی مشقیں بھی شامل ہوں گی۔

نیسلے پروفیشنل کے BEO (بزنس ایگزیکٹو آفیسر) عبداللہ جاوید نے اس اقدام سے متعلق خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا،'' نیسلے پروفیشنل کو فخر ہے کہ وہ ایک ایسے کاروبار کا حصہ ہے جو دوسرے کاروباروں کو کامیاب ہونے میں مدد کرتا ہے۔یہ تربیت، جو کمرۂ جماعت میں تعلیم کے علاوہ عملی ہدایات پر بھی مشتمل ہوگی، پکوان کے شعبے میں نیا ٹیلینٹ مہیا کرے گی جو اشیائے خوردونوش کی بہتر خدمات فراہم کرنے میں کردار ادا کریں گے۔ہم نوجوانوں کو پکوان کی ضروری صلاحیتوں سے آراستہ کریں گے جس کی بدولت اُن کو روزگار کے حصول میں بھی مدد ملے گی، جو ہمارے گلوبل یوتھ اِنی شیئیٹو کا عالمی اور مقامی سطح پر مقصد ہے۔''

نیسلے کا تعارف:

نیسلے دُنیا کی سب سے بڑی اشیائے خوردونوش کی کمپنی ہے۔یہ دنیا بھر میں 191 ممالک میں مصروفِ عمل ہے اور اس کے 328000 ایمپلائیز معیارِ زندگی کو بہتر بنانے اور صحتمند تر مستقبل کے لیے کردار ادا کرنے کے نیسلے کے عزم پر اخلاص کے ساتھ کاربند ہیں۔نیسلے پروفیشنل بیرونِ گھر صارفین کے لیے اشیائے خوردونوش کی ماہرانہ اور جدید سہولیات فراہم کرتا ہے۔

مزید معلومات کے لیے رابطہ کیجیے:

عاتکہ میر خان
پبلک افیئرز مینیجر، نیسلے پاکستان
موبائل نمبر: 042-35988119
ای میل: aatekahahmad.mirkhan@PK.nestle.com